MRD-11th-011222 (A-II)

کل نمبرات: 80

# اُردو لازمی (سال اوّل)

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

(مکمل کورس)

---

نمبرات: 50

## "حصہ ب"

سوال نمبر 2:- مندرجہ ذیل میں سے کسی دس (۱۰) اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

(۱) نظم "اخلاص" کا مرکزی خیال بیان کریں۔

(۲) قطعات مرزا محمود سرحدی میں شاعر کو نوجوان نسل سے کیا شکایت ہے؟

(۳) اقبالؒ نے کھانے پینے کے معاملے میں حضور ﷺ کی کیا سنت بیان کی ہے؟

(۴) یو پی آئی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(۵) مولوی صاحب نے اتحاد کے ٹکڑے ہونے کی کیا وجوہات بتائیں؟

(۶) ڈراما "خوبصورت بلا" میں شمسہ نے توفیق سے کیا مطالبہ کیا؟

(۷) بڑے چچا کو دیکھ کر چھمی کو کیا خیال ستانے لگتا؟

(۸) نظم پُرانا کوٹ کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

(۹) حُسنِ تعلیل اور تضمین کی تعریف کریں۔ اور ایک ایک مثال دیں۔

(۱۰) مندرجہ ذیل الفاظ و تراکیب کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ ان کا مطلب واضح ہو جائے۔

اہلِ شعور — مکروزور — جلوہ گاہ — جوئبار — آبشار

(۱۱) نظم "نصیحتِ اخلاقی" کا خلاصہ لکھیں۔

(۱۲) مرثیہ کے ارکان کی وضاحت کریں۔

(۱۳) حمد اور نعت میں فرق واضح کریں۔

نمبرات: 30

## "حصہ ج"

نوٹ:- مندرجہ ذیل میں سے کسی تین (۳) سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔

سوال نمبر 3:- متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کیجیے۔

(الف) اکثر ماں باپ اپنے بچوں کو ان کی معصوم خطاؤں پر اور بے باک شوخیوں اور گستاخیوں پر خوب گوشمالی کرتے ہیں، مگر وہ یہ یاد رکھیں کہ بچوں کو صرف ان دو قصوروں پر سزا دینی چاہیے؛ ایک جھوٹ پر اور دوسری سرکشی پر۔ جب تک کہ ان دونوں برائیوں سے ان کو وہ نہ چھڑائیں، سزا دینے سے ہاتھ کو نہ اُٹھائیں۔ اگر جھوٹ کا چسکا اس عمر میں زبان کو لگ گیا، تو وہ بڑے ہونے پر اور بڑھے گا۔

(ب) عالیہ نے کواڑوں کی اوٹ سے جھانک کر باہر دیکھا۔ بڑے چچا صاف ستھرے بستر پر پاؤں پھیلائے سکون سے لیٹے تھے۔ سامنے پیپل کے گھنے درخت سے چاند کی روشنی اُبھرتی ہوئی معلوم ہو رہی تھی۔ عالیہ کا جی چاہ رہا تھا کہ وہ بھی باہر چبوترے پر جا بیٹھے۔

سوال نمبر 4:- نظم اور شاعر کا حوالہ دے کر کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔

(الف)
یہ سب آیاتِ الٰہی ہیں، ذرا غور سے دیکھ — اُس کی پھر حمد بیاں کر، اُسی خالق کو پکار
اس کی صنعت کے نمونے ہیں وہ نکہت ہو کہ رنگ — اُس کی قدرت کے کرشمے ہیں، خزاں ہو کہ بہار

(ب)
ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے — بہت نکلے میرے ارمان، لیکن پھر بھی کم نکلے
ڈرے کیوں میرا قاتل؟ کیا رہے گا اس کی گردن پر؟ — وہ خوں جو چشمِ تر سے عمر بھر یوں دم بہ دم نکلے

سوال نمبر 5:- پرنسپل صاحب / صاحبہ کو کالج میں داخلہ کیلئے درخواست لکھیں۔

سوال نمبر 6:- والد صاحب کو خط لکھیں کہ اس کا چھوٹا بھائی اپنے پڑھائی پر توجہ دیں۔

www.perfect24u.com
Scanned with CamScanner
Protected with free version of Watermarkly. Full version doesn't put this mark.
Scanned with CamScanner